مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، چرسی اور شرابی کے جنازے کے بارے میں کیا حکم ہے، کیا ان کا جنازہ پڑھا جائے گا یا نہیں؟ برائے مہربانی شریعت کی روشنی میں رہنمائی فرمائی جائے۔

الجامعة الاشرفية
دار الافتاء
شارع فیروزپور لاہور پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ شرابی اور چرسی یا دیگر کبائر گناہ میں ملوث ہونے کی وجہ سے فاسق وفاجر ہیں، لیکن اسلام سے خارج نہیں ہوئے ہیں، وہ اب بھی مسلمان ہیں اور ہر مسلمان پر نماز جنازہ پڑھنا فرض ہے، حدیث شریف میں آیا ہے "صلوا علی کل بر و فاجر" یعنی ہر نیک وبد پر نماز پڑھا کرو، البتہ جو لوگ اہل علم اور مقتدا ہیں ان کو ایسے لوگوں کی نماز جنازہ میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

الجامعة الاشرفية
دار الافتاء
شارع فیروزپور لاہور پاکستان

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۲۵/صفر المظفر/۱۴۴۵ھ

2023/09/12ء

دار الافتاء
رقم الافتاء: 158/11
التاریخ: 12/9/23
الجامعة الاشرفية

الجواب صحیح

۲۵/۲/۱۴۴۵ھ

۱۲/۹/۲۰۲۳ء

الجواب صحیح